سوال

(216)امام مہدی کا آنا غیر ممکن ہے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ سے اور مرزا غلام احمد قادیانی سے جو مباہلہ ہوا تھا وہ کس بارے میں ہوا تھا۔ مکرر عرض یہ ہے کہ جو شخص اس قسم کا عقیدہ رکھتا ہو۔ کہ امام مہدی کا آنا غیر ممکن ہے۔ یہ دونوں باتیں غلط ہیں۔ اور شہادت امام حسین کا بھی قائل نہیں ہے۔ ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا یا ایسے شخص کو مولوی خیال کرنا او بزرگ سمجھنا کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میرے ساتھ مرزا قادیانی سے جو مباہلہ نہیں ہوا تھا۔ صرف انھوں نے میرے حق میں یہ کہا تھا کہ ہم دونوں ۔ مرزا اور ثناء اللہ میں سے جو جھوٹا ہے وہ پہلے مرے۔ یہ بھی کہا تھا کہ اگر ثناء اللہ مجھ سے پہلے نہ مرا تو میں خدا کی طرف سے نہیں۔ بس یہی اس کا مطلب تھا۔ دیگر کے جو شخص اام مہدی۔ حضرت عیسیٰؑ یا امام حسین کی شہاددت نہیں مانتا وہ بد عتی ہے اس کو امام نہیں بنانا چاہیے۔ اگر پڑھا رہا ہو تو بحکم

وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ ٤٣ سورة البقرة پیچھے پڑھ لینا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص393

محدث فتویٰ